IDEAL INDIAN SCHOOL, DOHA-QATAR

TERM-I EXAMINATION, OCTOBER-2023

URDU (SL)

Class : VIII | **Max. Marks: 80**

Date :12-10-2023 | **Duration: 3Hours**

ہدایات: 1) یہ سوالنامہ تین حصّوں، سترّہ سوالات اور چار صفحات پر مشتمل ہے۔ 2) تمام سوالات لازمی ہیں۔

3) سوالوں کے جوابات ترتیب وار لکھئے اور صفائی وخوش خطی کا خیال رکھیے۔

(حصّہ۔الف)

سوال نمبر 1۔ درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے اور ایک لفظ اور ایک جملہ میں لکھیے۔ (5)

علاّمہ اقبال کی شاعری میں جگنو، طاؤس، بلبل، پروانہ اور چکور وغیرہ کا تذکرہ ملتا ہے، لیکن جس پرندے کا ذکر سب سے زیادہ ہے، وہ "شاہین" ہے۔ اس پرندے کے اوصاف اور خوبیوں کے باعث علاّمہ اقبال کی نظر میں اس کی اہمیت اور قدر و منزلت ہے۔ شاہین تمام پرندوں میں سب سے اعلٰی وارفع صفات کا حامل ہے۔ یہ پرندہ بلند مقامات اور پہاڑوں کی چوٹیوں پر رہتا ہے۔ اس کی پرواز بہت اُونچی ہے۔ اپنا شکار خود کرتا ہے۔ نگاہ اتنی تیز ہے کہ بہت اونچائی سے سمندر میں تیرتی ہوئی مچھلی کو دیکھ سکتا ہے۔ پرندوں کے بادشاہ کی حیثیت سے اتنا مضبوط اور طاقتور ہوتا ہے کہ شکاریوں کے لیے شاہین کا شکار کرنا انتہائی جان جوکھوں کا کام ہے۔

سوالات:

1۔ علاّمہ اقبال کی شاعری میں کس پرندے کا ذکر سب سے زیادہ ملتا ہے؟

(a) جگنو (b) بلبل

(c) چکور (d) شاہین

2۔ شاہین کہاں رہتا ہے؟

(a) دریاؤں میں (b) بلند مقامات اور پہاڑوں پر

(c) صحرا میں (d) برفیلے علاقوں میں

3۔ اس کی ۔۔۔۔۔ بہت اونچی ہے۔

4۔ شاہین بہت اونچائی سے کیا دیکھ سکتا ہے؟

5۔ شاہین کا شکار کرنا جان جوکھوں کا کام کیوں ہے؟

سوال نمبر 2۔ درج ذیل درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے اور ایک لفظ اور ایک جملہ میں لکھیے۔ (5)

لڑکی نے اکنّی دی اور ہمیں ہاتھ میں لے لیا۔ اس کے ہاتھ ایسے نرم نرم تھے کہ یہاں آکر جان میں جان آئی۔ لیکن تھوڑی دیر بعد میں بے ہوش ہو گیا۔ اصل بات یہ تھی کہ پانی نہیں ملا تھا اور پیاس بہت لگی تھی۔ لڑکی نے شیشے کے ایک گلدان میں پانی بھر کر ہمیں پلایا تو ذرا طبیعت ٹھیک ہوئی اور میں نے سر اٹھا کر اِدھر اُدھر دیکھا۔ اب میں ایک صاف کمرے میں تھا، جس میں کئی بستر لگے ہوئے تھے۔ ایک طرف سے ایک بیمار لڑکی کی آواز سنائی دی: "ڈاکٹر صاحب! کیا میں اچھی نہیں ہوں گی، کیا اب میں کبھی چل پھر نہ سکوں گی؟ کیا کبھی باغ میں کھیلنے نہ جا سکوں گی۔"

سوالات:

1۔ مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(a) نہ ہوئی قرولی (b) چچا کبابی دلّی والے

(c) گلِ عبّاس (d) ایک مزے دار کہانی

2۔ اس سبق کے مصنّف کا نام بتایئے؟

(a) غلام عبّاس (b) مرزا فرحت اللہ بیگ

(c) ملّا واحدی (d) رتن ناتھ سرشار

3۔ اس کے ہاتھ ایسے۔۔۔۔ تھے کہ یہاں آکر جان میں جان آئی۔

4۔ لڑکی نے گلِ عبّاس کو کتنے میں خریدا؟

5۔ بیمار لڑکی نے ڈاکٹر سے کیا کہا؟

(حصّہ۔ب)

سوال نمبر 3۔ درج ذیل میں سے کسی سات (7) الفاظ کے معنی لکھیے۔ (7)

1۔جماعت 2۔حوصلہ 3۔صلاح 4۔تصفیہ 5۔دھونس

6۔صدمہ 7۔یورش 8۔اکنّی 9۔مجال 10۔صحرا

سوال نمبر 4۔ درج ذیل میں سے کسی تین (3) الفاظ کے متضاد لکھیے۔ (3)

1۔ بے قرار 2۔ نیک 3۔ دوُر 4۔اقرار 5۔ بھلائی

سوال نمبر 5۔ درج ذیل الفاظ میں سے کسی تین (3) واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔ (3)

1۔روح 2۔ اشرفی 3۔ دفاتر 4۔شریف 5۔ قُلفیاں

سوال نمبر 6۔ درج ذیل الفاظ میں سے مذکّر اور مونّث الگ الگ کر کے لکھیے۔ (2)

1۔ سرائے 2۔ مٹکا 3۔ آدم 4۔ پیالی

سوال نمبر 7۔ 'ان' اور 'بے' کا ایک ایک سابقہ اور 'دار' اور 'افزا' کا ایک ایک لاحقہ بنایئے۔ (4)

سوال نمبر 8۔ درج ذیل الفاظ میں سے کسی چار کے مترادف (ہم معنی) لکھیے۔ (4)

1۔ میل 2۔ اتّحاد 3۔ رسم 4۔ خواب 5۔ شان 6۔ ظلم

سوال نمبر 9۔ صحیح لفظ کی مدد سے خالی جگہیں بھریئے۔ (3)

1۔ انھیں دنوں۔۔۔۔ اور برسات میں جھگڑا ہوا۔

2۔ دیواریں مجھے سردی سے بھی بچاتی تھیں اور۔۔۔۔۔ سے بھی۔

3۔ شام ہونے کو آئی تو ایک خوبصورت لڑکی دکان کے۔۔۔۔ سے گزری۔

سوال نمبر 10۔ مصرعے مکمل کیجئے۔ (3)

1۔ ترے۔۔۔۔ نے بجھایا اسے

2۔ کیا یہ۔۔۔۔ ہیں زمیں پر جو اتر آئے ہیں

3۔ نہ بہت دور پہنچ جائے مری۔۔۔۔ کہیں

سوال نمبر 11۔ درج ذیل الفاظ / محاوروں میں سے صِرف پانچ (5) کے جملے بنایئے۔ (5)

1۔ اجل 2۔ محال 3۔ بسیرا 4۔ مرغوب 5۔ شبنم

6۔ تھر تھر کانپنا 7۔ آگ بگولہ ہونا 8۔ بات کا بتنگڑ بنانا

(حصّہ۔ج)

سوال نمبر 12۔ درج ذیل میں سے کسی دو (2) کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھیے۔ (4)

1۔ مرکب الفاظ 2۔ فعل لازم 3۔ حالِ ناتمام 4۔ حالِ تمام

سوال نمبر 13۔ درج ذیل میں سے کسی دو (2) منظوم سوالوں کے جواب لکھیے۔ (4)

1۔ ماں نے اپنے بیٹے کو کس حال میں پایا؟

2۔ شاعر کو کن کن چیزوں پر شبنم کا گمان ہوتا ہے؟

3۔ شبنم کو زمین کے دامن میں ہی سکون کیوں ملتا ہے؟

4۔ خواب میں ماں نے اپنے آپ کو کس حال میں دیکھا؟

سوال نمبر14۔درج ذیل میں سے کسی چار(4)نثری سوالوں کے جواب لکھیے۔ **(8)**

1۔ چچا کبابی اپنی دکان کہاں لگایا کرتے تھے ؟

2۔ میاں خوجی کس کے ساتھ کہاں آئے ہوئے تھے ؟

3۔ گلِ عبّاس کو لڑکی کے پاس پہنچ کر کیا محسوس ہوا؟

4۔ چچا کبابی نے بچےّ کو کباب دینے سے انکار کیوں کیا؟

5۔ جاڑا، گرمی اور برسات کا آپس میں جھگڑا کیوں ہوا؟

6۔ بڑی بی کے گھر میں چہل پہل سے پڑوسن پر کیا اثر ہوا؟

7۔ خوجی جہاں ٹھہرے ہوئے تھے وہاں کیا حادثہ پیش آیا؟

سوال نمبر15۔درج ذیل میں سے کسی ایک(1) نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ **(5)**

1۔ماں کا خواب 2۔ شبنم

سوال نمبر16۔اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام چھٹّی کی درخواست لکھیے۔ **(5)**

۔یا۔

اپنے چھوٹے بھائی کو بُری صحبت سے بچنے کے لیے خط لکھیے۔

سوال نمبر17۔درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک(1) عنوان پر مضمون لکھیے۔ **(10)**

-1 علم کی اہمیت 2-میرا پسندیدہ مشغلہ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆